AKERSHUS UNIVERSITETSSYKEHUS

Urdu

آکرش ہیوس (Akershus) یونیورسٹی ہسپتال میں خوش آمدید -

Akershus universitetssykehus HF
Besøksadresse: Sykehusveien 25, Lørenskog
Postadresse: Postboks 1000, 1478 Lørenskog
Telefon: 67 96 00 00
Epost: postmottak@ahus.no
مزید معلومات کے لیے رجوع کریں۔**www.ahus.no**

آکرش یونیورسٹی ہسپتال میں مریضوں کا علاج مختلف مقامات پر کیا جاتا ہے ۔ زیادہ سرگرمیاں نوربی ہاگِن (Norbyhagen) لورن سکوگ (Lørenskog) میں ہوتی ہیں ۔ اس کتابچ میں آپکو ہسپتال کے بارے میں مفید معلومات ملیں گی اور ساتھ ہی ہسپتال اور اسکے احاطے کے جائزے کا نقشہ بھی۔

1 Hovedinngang
2 Akuttmottak
3 Barne og ungdomsklinikken (BUK)
4 Nye Nord
5 IR – Illegale rusmidler
6 Psykiatrisk mottak
7 Ungdomspsykiatrisk klinikk
8 Ortopedisk akuttpoliklinikk
9 Basecamp
10 Kapell
11 Konsulatet
12 Personalinngang
13 Ole Brumm
14 Voksenhabilitering
15 Behandlingshjelpemidler
16 NKS bygget, Nevrorehabilitering

Mars 2019

اگر آپکو ٹھیک سے معلوم نہیں کے ہسپتال میں کہاں پہنچنا ہے تو مرکزی داخلی دروازے کے اندر واقع معلوماتی ڈیسک / ریسپشن (Reception) سے مدد طلب کریں۔ دن کے وقت مریضوں کی رہنمائی کرنے والے آپکی مدد کر سکتے ہیں۔ یہاں معذورں والی کرسیاں (ویل چیئر) بھی موجود ہوتی ہیں جو ہسپتال کے اندر استعمال کے لیۓ لی جا سکتی ہیں۔

بچے , نوجوان اور انکے عزیز و اقارب بچے اور نوجوانوں کی کلینک میں داخلے کے لیے دروازہ نمبر 3 کا استعمال کریں۔
ہنگامی پیدائش والے ایمرجینسی وارڈ کے لیۓ داخلی دروازہ نمبر 1 کا استعمال کریں۔

پہنچنے کے لیۓ راستہ کیسے تلاش کریں؟

گلس گاٹے (Glassgate) مرکزی عمارت کے ایک طرف سے دوسری طرف تک جاتا ہے۔ دائیں ہاتھ پر آپکو وہ عمارتیں ملیں گیں جن میں علاج کیا جاتا ہے۔ داخلی راستوں کے نام B1, B2, B3 اور B4 ہیں۔ بائیں ہاتھ پر مریضوں کے بستروں والی عمارتیں ہیں۔ داخلی راستوں کے نام S1, S2, S3اور S4 ہیں۔ گلس گاٹے کے آخر میں بچوں اور نوجوانوں کے لیۓ کلینک BUK واقع ہے۔

ترجمان

ترجمان کی ضرورت ہو تو وارڈ سے پیشگی رابطہ کریں۔
ترجمان کی خدمات مفت ہیں۔

خون کا نمعونہ - بلیڈ ٹیسٹ۔

اگر آپ نےمعائنے یا علاج سے پہلے بلیڈ ٹیسٹ کروانہ ہوں تو یہ عین گلس گاٹے کے درمیان واقع ہے جہاں ٹیسٹ کی تختی لگی ہوئی ہے آپ پیر تا جمعہ 16:00 - 07:30 ٹیسٹ کروا سکتے ہیں۔

ملاقات کے اوقات

پیر تا جمعہ 19:00 - 18:00 ہفتہ، اتوار یا مخصوص مزہبی توار کے دن 15:00 - 14:00

کچھ وارڈوں میں ملاقات کے اوقات نسبتً طویل ہیں، دیکھیے www.ahus.no۔

دیۓ گۓاوقات کے علاوہ یا بایک وقت زیادہ لوگوں نے اگر مریض سے ملاقات کرنی ہو تو بروقت عملے کو مطلع کریں

ذچگی والی وارڈ کے اپنے علیحدہ ملاقات کے اوقات ہوتے ہیں۔ بچوں اور نوجوانوں کی کلینک BUKکےکوئی مخصوص ملاقات کے اوقات نہیں ہیں۔

خوراک اور دیگر سہولیات

لیسپھُنکتے Lyspunkte کیفے مرکزی عمارت کی دوسری منزل پر واقع ہے جو پیر تا جمعہ کھلا رہتا ہے- ہسپتال آپکی درخواست پر حلال کھانا فراہم کرتا ہے۔ ہم نہیں چاہتے کے ذاتی کھانا ہسپتال ساتھ لایا جاۓ۔

گلس گاٹے میں دواخانہ، کریانہ سٹور، حجام اور پھولوں کی دکان کی سہولت موجود ہے ۔

صحت عامہ / ہیلسے تھورگ Helsetorget

ہیلسے تھورگ گلس گاٹے کے درمیان میں واقع ہے۔ یہاں آپکو مریضوں اور ان سے متعلقہ (انکے عزیزو اقارب کے بارے میں) تمام معلومات اور مفت کمپیوٹر کا استمال مہیا کیا گیا ہے۔ پورے ہسپتال میں مہمانوں کے لیۓ مفت وائرلس انٹرنیٹ کی سہولت دستیاب ہے-

جاۓ ملاقات کا مقصد (میٹنگ پوائنٹ)

جو کہ ہیلسے گاٹے میں واقع ہے

میٹنگ پوائنٹ کا مقصد عزیزواقارب کو مریض کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی سہولت فراھم کرنا ہے اور اس کام کو مریضوں کی تنظیم کے نمائندے سرانجام دیتے ہیں

مریضوں کی انتظار گاہ

یہ انتظار گاہ ہیلسے تھورگ / صحت عامہ میں ایک مخوص مقام ہے جہاں مریض واپسی کی سواری کا انتظار کرتا ہے اور یہاں چھٹی کے علاوہ عام دونوں میں دن کے وقت آپ کی مدد کے لیے عملہ موجود رہتا ہے

سیکھنے اور عبور حاصل کرنے کا سینٹر :

(LMS) / کوئی دوسرا مقصد نہیں نکل سکتا
یہ سینٹر ہیلسے تھورگ کے ساتھ واقع ہے
یہاں مریضوں اور اُن کے عزیزواقارب کو کورسز کروائے جاتے ہیں

ہسپتال کا گِرجا گھر اور دیگر مذاہب کی عبادت گاہ:

ہسپتال کا گِرجاگھر اور دوسری عبادت گاہ گلاس گاٹے کے عقب میں واقع ہے B3
ہسپتال کے پادری یا دوسرے مذاہب کے نُمائندوں سے 91195977 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

پارکنگ

مُلاقاتی(وزٹرز)
پارکنگ ھاوس کی پہلی منزل پر
مُعاوزے کے عوض گاڑی کھڑی کر سکتے ہیں یہاں سے مرکزی داخلی دروازہ پانچ منٹ کے فاصلے پر ہے ، جہاں پیدل چلنے والے راستے پر راہنُمائی کے لیے تختیاں لگی ہوئی ہیں
معذور حضرات حاصل شدہ اجازت نامے کو گاڑی میں کسی نمایاں جگہ رکھ کر مرکزی داخلی دروازے کے پاس تین گھنٹے کے لیے مُفت گاڑی پارک کر سکتے ہیں ۔مُلاقاتی اور مریض جو چلنے پھرنے میں تکلیف محسوس کرتے ہیں وہ پارکنگ ھاوس میں گاڑی پارک کرنے کے بعد فون نمبر 97630434 پر یا گیٹ کے پاس نصب ٹیلیفون والے بٹن کو دبا کر آھیوس Ahus کی انتظامیہ کو اپنی آمد کی اطلاع دیں تاکہ آھیوس suha کی گاڑی آپکو باسہولت اندر پُہنچا دے

بچوں اور نوجوانوں کی کلینک

ہڈیوں کے امراض/ارتھوپیڈک ایمرجنسی کلینک اور نوجوانوں کی عصابی علاج والی کلینک کے مرکزی داخلی کے سامنے گاڑی
پارک کرنا زیادہ مہنگا ہے بنِسبتً پارکنگ ہاوس کے ۔

بس اور ٹیکسی

بس بلکُل مرکزی دروازے کے پاس رُکتی ہے ، مرکزی داخلی دروازے کے سامنے جو پارکنگ ہے وہاں پر ٹیکسی سٹینڈ بھی موجود ہے ۔ ٹیکسی کی بُکنگ مرکزی معلوماتی ڈیسک (ریسیپشن) پر کروائی جا سکتی ہے

آھیوس میں حصولِ تربیت طُلبہ :

آھیوس چونکہ ایک تعلیماتی ادارہ بھی ہے جہاں طلبہ کی عملی تربیت کے باعث آپکا اُن سے واسطہ پڑ سکتا ہے، آپ چاہیں تو طُلبہ کی موجودگی اور عمل دخل پر اعتراض ظاہر کر سکتے ہیں۔
موجود عملے کی کوشش ہوتی ہے کہ مریضوں کے لیے ممکنہ سہولت فراھم کی جاۓمگر آپ جنس کی بُنیاد پر ڈاکٹر، نرس یا کسی دوسرے متعلقہ عملے کی خدمات لینے سے انکار نہیں کر سکتے

زاتی معلومات کا تحفظ:

مریض ہونے کے ناطے ہسپتال کے پاس جو آپکی صحت سے متعلق معلومات ہیں اُنہیں جمع رکھنا یا استمال کرنے کے حوالے سے آپ کے حقوق محفوظ ہیں۔
اس بارے میں www.ahus.no پر آپ مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں ۔